© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## رسالہ نجاتیہ (فارسی) مع ترجمہ اُردو عقائد سلفیہ | مصنفہ مولانا محمد فاخر زائر الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

تقطیع متوسط ۔ صفحات ۸۰ ۔ قیمت ۱۲ آنے ۔ شائع کردہ جمعیۃ اہلحدیث لاہور شہر۔

پتہ :۔ المکتبۃ السلفیۃ ۔ شیش محل روڈ ۔ لاہور۔

بارہویں صدی ہجری کے ایک صوفی منش محقق صاحبِ علم نے جو شاہ ولی اللہ دہلوی کے معاصر تھے اسلام کے سادہ عقاید کو ایک رسالے میں جمع کیا تھا۔ بعد میں سید علامہ نواب محمد صدیق حسن خانؒ نے اس پر قیمتی اضافے کئے تھے مقام مسرت ہے کہ اس علمی تحفے کو مع ترجمہ شائع کرنے کا فخر جمعیۃ اہل حدیث لاہور نے حاصل کیا ہے۔ ترجمہ کے لئے مولانا حافظ محمد اسحاق صاحب مدظلہ صدر مدرس مدرسہ تقویۃ الاسلام لاہور کا نام ضمانت ہے۔ آپ کا ترجمہ شگفتہ اور مطلب خیز ہوتا ہے۔ ابتدا میں مختصر دیباچہ ہے جو عقاید کی اہمیت اور اس سلسلے میں نواب سید محمد صدیق حسن خاں مرحوم کی تصانیف کے تذکرے نیز مولانا محمد فاخرؒ کے قدرے تفصیلی سوانح حیات پر مشتمل ہے۔

عقاید سے بے اعتنائی کے اس دور میں اس رسالہ کی عام اشاعت کی سخت ضرورت ہے۔ اصحاب ثروت کو چاہیئے کہ اسے خرید کر ضرورت مندوں کو بلا قیمت تقسیم کریں۔ جمعیۃ اہل حدیث نے جب یہ سلسلہ شروع کیا ہی ہے تو کیا ہی اچھا ہو، اگر مولانا زائرؒ کے دوسرے بعض رسالے بھی ہمت کر کے شائع کر دے۔

## التبیان فی زیادۃ الایمان والنقصان (عربی) | مصنفہ حضرت شیخ الحدیث شیخنا و مولانا

ابو محمد عبد الجبار صاحب محدث کھنڈیلوی مدظلہ العالی صفحات ۴۴ تقطیع متوسط کاغذ طباعت اعلےٰ ٹائٹل دیدہ زیب۔

یہ حجم میں چھوٹا سا رسالہ معنوی لحاظ سے پر مغز اور معلوماتی ہے۔ ہمارے حدیثی و کلامی دروس میں مسئلہ ایمان اس کی کمی بیشی اور اس میں مختلف بدعی، سنی اور سلفی نقطہ ہائے نظر خاصے اہم مباحث ہیں۔ اس رسالے میں اختصار و ایجاز کے ساتھ ان پر فاضلانہ نظر ڈالی گئی ہے۔ اور مسلک حق کو مدلل طریقے سے ثابت کیا گیا ہے۔



© rasailojaraid.com